24-08-2024

08.30 Hrs

## HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1 یوکرین کے صدر وولودیمر زیلنسکی نے، کیف میں، وزیراعظم نریندر مودی سے دوطرفہ بات چیت کے بعد کہا ہے کہ بھارت، یوکرین-روس تنازعے کو ختم کرنے کی عالمی سفارتی کوششوں میں بنیادی موثر کردار ادا کرسکتا ہے۔

2 وزیردفاع راج ناتھ سنگھ اور ان کے امریکی ہم منصب **Lloyd Austin** نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون کی موجودہ سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

3 وزیرداخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ کے رائے پور ضلعے میں، نکسلی کارروائیوں کی روک تھام کے سلسلے میں بہت سی میٹنگس کی صدارت کریں گے۔

4 **FSSAI**نے دودھ اور ڈیری مصنوعات کی سبھی پیکیجنگ پر سے، اے-ون اور اے-ٹو دعووں کو ہٹانے کا حکم دیاہے۔

5 اور کُشتی میں

بھارتی خواتین نے، اردن کے شہر عَمان میں، 17 سال سے کم عمر کی عالمی چمپئن شپ میں ابھی تک کا سب سے پہلا ٹیم خطاب حاصل کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## PM Ukraine Visit

وزیراعظم نریندرمودی نے، پولینڈ اور یوکرین کے دوملکوں کے اپنے تاریخی دورے کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے، یوکرین کے اپنے دورے کے بارے میں کہا کہ وہ اس عظیم ملک کے دورے پر، دونوں ملکوں کے درمیان دوستی میں مزید گہرائی لانے کے مقصد سے آئے ہیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے دوطرفہ بات چیت کے دوران یوکرین کے صدر وولودیمرزیلنسکی کے ساتھ نتیجہ خیز بات چیت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کا پختہ یقین ہے کہ خطے میں ہمیشہ امن قائم رہے۔

کل وزیراعظم مودی نے دوطرفہ بات چیت کے دوران صدر زیلنسکی کو بھارت کے دورے کی دعوت دی۔

جناب مودی نے جناب زیلنسکی کو یہ بھی بتایاکہ یوکرین اور روس دونوں کو، بغیر وقت ضائع کئے، مل کر بیٹھنا چاہئے تاکہ جنگ کو ختم کرنے کے طریقے تلاش کئے جاسکیں اور بھارت فروری 2022 سے اب تک، جب سے تنازعہ شروع ہوا ہے، امن قائم کرنے کا حامی رہا ہے۔

## PM Modi on Shanti

یوکرین کے صدر نے میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت، اُن کے ملک اور روس کے درمیان جنگ ختم کرنے کی، عالمی سفارتی کوششوں میں ایک بنیادی موثر کردار ادا کرسکتا ہے۔

## Zelensky - Ukraine

یوکرین کے صدر نے، یوکرین امن سے متعلق دوسری سربراہ کانفرنس کی میزبانی کیلئے عالمی جنوب کے کچھ ملکوں کے ساتھ ساتھ بھارت کو بھی یہ تجویز پیش کی جس کا اظہار انہوں نے جناب مودی سے کیا۔

پولینڈ کے اپنے دو دن کے دورے میں وزیراعظم مودی نے وارسا میں اپنے ہم منصب ڈونلڈ ٹسک اور صدر آندریج **Sebastian Duda** کے ساتھ ملاقاتیں کیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے پولینڈ کے اپنے دورے کو ایک خصوصی دورہ قرار دیا اور وسطی یوروپ کے اس ملک کو بھارت کا قابل قدر دوست بتایا۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ اس دورے سے اس قابل قدر دوست کے ساتھ تعاون میں گہرائی لانے کا موقع ملا ہے۔×

## PM Ukraine Visit US

امریکہ نے کہاہے کہ وزیراعظم مودی کا کیف کے دورے سے، صدر زیلنکسی کے ویژن کے مطابق، یوکرین میں تنازعے کو، پرامن طریقے سے حل کئے جانے میں تعاون مل سکتا ہے۔

وہائٹ ہاؤس نے کہاہے کہ امریکہ کسی دوسرے ملک کا بھی خیرمقدم کرتا ہے جو یوکرین میں تنازعے کو ختم کرنے کی کوشش میں مدد دینے کا خواہاں ہو۔

امریکہ کے قومی سلامتی سے متعلق کمیونیکیشن مشیر جان کِربی نے کہا کہ بھارت، امریکہ کا ایک مضبوط شراکت دار ہے اور وزیراعظم مودی کا دورہ نیز صدر زیلنسکی کے ساتھ اُن کی بات چیت تنازعے کو ختم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔×

## Rajnath Singh US Visit

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ اور امریکی وزیردفاع **Lloyd Austin** نے، کَل رات امریکی دفاعی ادارے **Pentagon** میں، ایک دوطرفہ میٹنگ کے دوران، دفاعی تعاون کی موجودہ سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور اِن میں مزید گہرائی لانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ دفاعی تعاون، صنعتی اشتراک، علاقائی سلامتی اور دیگر بین الاقوامی معاملات پر وسیع تبادلہ خیال کیا۔ جناب سنگھ، امریکہ کے چار روزہ دورے پر جمعرات کو واشنگٹن پہنچے تھے۔

اپنے امریکی ہم منصب کے ساتھ ملاقات کے دوران جناب سنگھ نے بھارت میں اُن میدانوں میں مل کر ترقی کرنے اور مصنوعات سازی کے مختلف موقعوں کو اجاگر کیا، جن کی نشاندہی، بھارت-امریکہ دفاعی صنعتی تعاون کے خاکے میں کی گئی ہے۔ اِس خاکے پر پچھلے سال عمل شروع کیاگیاتھا۔

دونوں وزیروں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان سازوسامان کی سپلائی کو یقینی بنانے کے بندوبست SOSA کی تکمیل پر خوشی کا اظہارکیا۔ SOSA پر واشنگٹن ڈی سی میں کل دستخط کئے گئے تھے جس کی رو سے، دونوں ملکوں کے دفاعی صنعتی ومعاشی نظام کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ مل کر کام کریں اور سپلائی چین کی، حالات سے مطابقت رکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا کہ ددنوں ملکوں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان رابطہ افسران کی تعیناتی سے متعلق اقرار نامے پر دستخط کئے جانے کا بھی خیرمقدم کیا ہے۔ اِس کے مطابق بھارت، پہلا رابطہ افسر امریکہ کے شہر فلوریڈا میں تعینات کرے گا۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**FSSAI FBO**

خوراک کی حفاظت اور معیارات کی بھارتی اتھارٹی FSSAI نے، خوراک کی تجارت کرنے والی کمپنیوں FBOs اور ای کامرس FBOs سے کہا ہے کہ وہ سبھی پیکیجنگ پر سے اے-ون اور اے-ٹو قسم کے، دودھ اور اِس کی مصنوعات کے بارے میں سبھی دعووں کو ہٹادیں۔

FSSAIنے یہ ہدایات، یہ پائے جانے کے بعد کہ بہت سیFBOs ، دودھ اور اس سے بننے والی گھی، مکھن اور دہی جیسی مصنوعات، اے-ون اور اے-ٹو زمروں کے تحت فروخت کررہی ہیں، جن کیلئے FSSAI کا لائسنس نمبر استعمال کیا جارہا ہے۔ خوراک سے متعلق اِس ضابطہ کار ادارے نے یہ بھی کہا ہے کہ دودھ کے اے-ون اور اے-ٹو فرق کا تعلق بنیادی طور پر، پروٹین کی ساخت میں فرق سے ہے، لہٰذا دودھ کی،چکنائی والی مصنوعات پر، کوئی بھی اے-ٹوکادعویٰ گمراہ کن ہے اور FSS قانون 2006 کی شقوں اور اِس کے ضابطوں کے مطابق نہیں ہے۔

FSSAIنے ای کامرس FBOs سے کہا ہے کہ وہ اے-ون اور اے-ٹو پروٹین سے متعلق سبھی دعووں کو اپنی ویب سائٹ سے فوری طور پر ہٹادیں۔×

**FSSAI Farmers**

خوراک کی حفاظت اور معیارات کی بھارتی اتھارٹی FSSAI نے، ریاستوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کیڑے مار اور جراثیم کُش دواؤں کے استعمال کو کم کرنے اور کسانوں کی سطح پر اِن دواؤں کے استعمال پر قریبی نظر رکھنے نیز اسے ضابطے میں لانے کی حکمت عملی تیار کرنے پر توجہ دینے کیلئے، بین وزارتی کمیٹی قائم کریں۔ مرکزی مشاورتی کمیٹی کی 44ویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، FSSAIکے CEO جی کملا وردھنا راؤ نے کہا کہ اِس قدم کا مقصد، زراعتی طور طریقوں کو محفوظ اور پائیدار بنائے رکھنے کو یقینی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے، کھانے پینے کی چیزوں میں جراثیم کُش دواؤں کے باقیات سے ہونے والے امکانی خطرات سے، صارفین کو حفاظت فراہم ہوگی۔

جناب راؤ نے اِس ضرورت پر بھی زور دیا کہ ریاستوں میں ایسی اہم جگہوں کی نشاندہی کی جائے، جہاں گاڑیوں میں خوراک کی حفاظت سے متعلق موبائل لیباریٹریز تعینات کی جاسکتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چلتی پھرتی لیباریٹریز، صارفین کی بیداری میں اضافہ کرنے اور خوراک کی حفاظت کے طورطریقوں کے بارے میں اہم معلومات پھیلانے میں مددگار ہوں گی۔×

**Health Min Dress Code**

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے مرکزی سرکار کے سبھی اسپتالوں اور طبی اداروں سے کہا ہے کہ وہ، سندوں کی تقسیم کی سالانہ تقریب کیلئے، لباس کے نئے ضابطے تیار کریں۔ وزارت نے مرکزی حکومت کے سبھی اسپتالوں اور طبی تدریس کے اداروں کے سربراہان کو اس سلسلے میں ایک خط لکھا ہے۔

وزارت نے اس تبدیلی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ نوآبادیاتی طریقہ کار کو ختم کرنے اور بھارت کی مالامال ثقافتی خوبصورتی کو اپنانے کی جانب ایک قدم ہے۔ وزارت نے کہاکہ مختلف ادارے، کنووکیشن تقریب میں کالے رنگ کا چُغا اور ٹوپی پہنتے ہیں اور یہ روایت، یوروپ میں عہدِوسطیٰ کے دوران شروع ہوئی تھی جو نوآبادیاتی وراثت کی عکاس ہے۔

وزارت نے اداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ کنووکیشن تقریب کیلئے، موزوں قسم کا ایک بھارتی انداز کا لباس تیار کریں جو اُس ریاست کی مقامی روایات پر مبنی ہو، جہاں یہ ادارہ قائم ہے۔×

**PM Man Ki Baat**

وزیراعظم نریندرمودی کَل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 113واں نشریہ ہوگا۔ جناب مودی کا وزیراعظم کی حیثیت سے لگاتار تیسری مدت کے لیے عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ تیسرا نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، اے آئی آر نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن اے آئی آر موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام اے آئی آر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ہندی نشریہ کے فوراًً بعد آکاشوانی، اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشرکرے گا۔×

**Amit Shah Chhattisgarah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ میں نکسلی سرگرمیوں کی روک تھام پرکئی میٹنگوں کی صدارت کریں گے۔

جناب شاہ چھتیس گڑھ کے تین روزہ دورے پر کَل رات رائے پور پہنچے ہیں۔ جناب شاہ کا آج صبح رائے پور ضلع کے چمپارن شہر میں مہاپربھو ولّبھ آچاریہ کے آشرم جانے کا پروگرام ہے۔

بعد میں وہ بین ریاستی رابطے پر چیف سکریٹریوں اور چھتیس گڑھ کے پولیس کے ڈائریکٹرز جنرل (DGPs) اور پڑوسی ریاستوں کے ساتھ ایک میٹنگ کریں گے۔

ایک رپورٹ

**V/C Vikalp Shukla**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے چیف سکریٹریوں، چھتیس گڑھ کے پولیس کے ڈائریکٹرس جنرلس اور پڑوسی ریاستوں کے ساتھ آج رائے پور میں منعقد بین ریاستی رابطہ کمیٹی کی میٹنگ میں سیکیورٹی اور فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ مختلف عملی منصوبوں کا جائزہ لیں گے۔

جناب شاہ چھتیس گڑھ کے بائیں بازو کی انتہا پسندی سے سے متاثرہ علاقوں میں سیکیورٹی اور فروغ سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے بھی ایک میٹنگ کریں گے۔

مرکزی وزیر داخلہ کَل رائے پور میں منشیات کی روک تھام سے متعلق بیورو کے ایک دفتر کا افتتاح کریں گے۔ جناب شاہ چھتیس گڑھ میں امدادِ باہمی سیکٹر کی توسیع کے سلسلے میں بھی ایک جائزہ میٹنگ کریں گے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شبانہ رحمان

## Congress CEC

جموں و کشمیر میں آئندہ اسمبلی انتخابات پر تبادلۂ خیال کے لیے کانگریس کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل نئی دلی میں منعقد کی گئی۔

اس میٹنگ میں، کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور پارٹی کے دیگر رہنما موجود تھے۔x

## J&K Voters

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے دوران پانچ لاکھ 66 ہزار نوجوانوں سمیت 23 لاکھ 27 ہزار سے زیادہ ووٹرس اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرنے کے مجاز ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اسمبلی انتخابات کی ووٹنگ 18 ستمبر، 25 ستمبر اور پہلی اکتوبر کو تین مرحلوں میں سبھی 90 اسمبلی حلقوں میں ہوگی۔

پہلے مرحلے میں سات ضلعوں کی 24 اسمبلی سیٹوں پر چناؤ ہوگا۔ کشمیر ڈویژن میں اننت ناگ، پلوامہ، شوپیاں، کُلگام اضلاع اور جموں ڈویژن میں ڈوڈہ، رام بن اور کشتواڑ ضلعوں کے لیے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔

کشمیر ڈویژن میں 16 اسمبلی حلقوں میں جبکہ جموں ڈویژن میں 8 اسمبلی حلقوں میں پہلے مرحلے کے تحت انتخابات ہوں گے۔

اِس دوران بھارت کے انتخابی کمیشن نے اسمبلی انتخابات میں کشمیری مائیگرینٹس کی جانب سے ووٹ ڈالنے میں سہولت پیدا کرنے کے لیے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے جموں، اودھم پور، اور دلّی میں 24 خصوصی پولنگ مراکز قائم کیے ہیں۔

کشمیری مائیگرینٹس ووٹرس 24 پولنگ مراکز پر اپنے حقِ رائے کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اِن مراکز میں جموں میں 19، اودھم پور میں ایک اور دلّی میں چار پولنگ اسٹیشن شامل ہیں۔x

## Nepal Bus Accident

کل نیپال میں ہوئے ایک بس حادثے میں جن 24 بھارتی باشندوں کی موت ہوگئی تھی ان کی لاشوں کو آج بھارت لایا جائے گا۔ ان سبھی مہلوکین کا تعلق مہاراشٹر کے جلگاؤں ضلع سے ہے۔ ان کی لاشوں کو پہلے اترپردیش کے گورکھپور لایاجائے گا، اس کے بعد بھارتی فضائی فورس کے طیارے کے ذریعے انہیں ناسک لے جایا جائے گا جہاں ان کی لاشوں کو ان کے کنبوں کے حوالے کیا جائے گا۔

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ان کی لاشوں کو مہاراشٹر واپس لانے کیلئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور دیگر سینئر حکام سے بات چیت کی تھی۔

بھارتی مسافروں کو لے جارہی ایک بس نیپال کےTanahun ضلع کے قریب واقع Marsyandgiندی میں گرگئی تھی جس میں 27 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

وزیراعظم نریندرمودی نے اس سڑک حداثے میں ہلاک ہونے والوں کے تئیں رنج و غم کا اظہار کیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ متاثرہ افراد کی مدد کیلئے بھارتی سفارتخانہ ہرممکن کوشش کررہا ہے۔

**IMD Rain**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے گجرات، مغربی مدھیہ پردیش، تریپورہ اور میزورم میں کَل دور دراز کے مقامات پر موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، میگھالیہ اور مشرقی راجستھان میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے اتراکھنڈ، اترپریش، مغربی راجستھان، ہماچل پردیش، ارونا چل پردیش، سکم اور بہار میں اِس ہفتے کے دوران شدید بارش ہونے کا اندازہ لگایا ہے۔x

**Wrestling-U17**

اردن کی راجدھانی عَمّان میں جاری 17 سال سے کم عمر کی کشتی عالمی چیمپئن شپ میں بھارتی خواتین نے کُل8 تمغے حاصل کرنے کے ساتھ ٹیم زمرے میں اب تک کا پہلا خطاب جیت کر اپنا دبدبہ برقرار رکھا۔ بھارتی خواتین نے سونے کے پانچ، چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے۔ انھوں نے 185 پوائنٹس حاصل کیے جبکہ 146 پوائنٹ کے ساتھ جاپان دوسرے نمبر پر رہا۔ اس نے سونے کا ایک، چاندی کے چار اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا۔

کاجل سونے کا تمغہ جیتنے والی ملک کی پانچویں پہلوان بن گئی ہیں۔ انھوں نے 69 کلوگرام کے زمرے میں یوکرین کی Oleksandra Rybak کو نو۔دو سے ہراکر یہ تمغہ حاصل کیا۔ البتہ Shrutika Patilکو 46 کلوگرام کے زمرے میں جاپانی پہلوان Yuu Katsume سے ہارنے کے بعد چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ 40 کلوگرام کے زمرے میں راج بالا نے جاپان کی Monaka Umekawaکو گیارہ پانچ سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا جبکہ 53 کلوگرام کے زمرے میں مسکان نے امریکی پہلوان Isabella Gonzales کو ہراکر کانسے کاایک دوسرا تمغہ جیتا۔

البتہ بھارتی مردوں کے فری اسٹائل پہلوانوں نے اپنے  ہم پلے خواتین پہلوانوں کے مقابلے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ کُل پانچ پہلوانوں نے قسمت آزمائی جن میں سے کوئی بھی سیمی فائنل میں نہیں پہنچ سکا۔

**Dhawan Retirement**

کرکٹ کھلاڑی شیکھر دھون نے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے بین الاقوامی اور گھریلو کرکٹ کے سبھی تینوں Formats سے ریٹائرمینٹ کا اعلان کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دھون نے کہا کہ ان کے ساتھ بے شمار یادیں رہیں گی۔ انھوں نے اپنے سبھی چاہنے والوں کے پیار اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔

شیکھر دھون نے دسمبر 2022 میں بنگلہ دیش کے خلاف ایک روزہ بین الاقوامی سیریز میں بھارت کے لیے کھیلا تھا۔

SAFF

فٹبال میں، کاٹھمنڈو میں جاری 20 سال سے کم عمر کی SAFF چیمپئن شپ میں کَل ایک گروپ میچ میں بھارت، مالدیپ کو ایک۔صفر سے ہرانے کے بعد سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اب پیر کے روز سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے یوکرین دورے کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس دورے کے دوران جناب مودی نے یوکرین کے صدر زیلنسکی کے ساتھ کئی امور پر تبادلہ خیال کیا اور دونوں ممالک نے دفاعی پیداوار میں تعاون سمیت، کئی معاہدوں پر دستخط کیے۔

آج کے بیشتر اخبارات نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے امریکہ دورے کی خبر کو بھی بڑی اہمیت دی ہے: وزیر موصوف نے امریکہ میں بھارتی برادری کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور امریکہ مشترکہ طور پر ایک مضبوط طاقت ہیں اور وہ مل کر عالمی امن و خوشحالی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

پہلے قومی خلائی دن کے موقع پر وزیراعظم مودی نے قوم کو دلی مبارکباد دی اور صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت خلائی مشن کو کچرے سے پاک بنانے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے بنگلہ دیش میں شدید بارش اور سیلاب سے تیس لاکھ سے زیادہ افراد کے متاثر ہونے کی خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔

نیرج نے 89 اعشاریہ چار نو کے ریکارڈ تھرو کے ساتھ ڈائمنڈ لیگ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے اولیت دی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 یوکرین کے صدر وولودیمر زیلنسکی نے، کیف میں، وزیراعظم نریندر مودی سے دوطرفہ بات چیت کے بعد کہا ہے کہ بھارت، یوکرین-روس تنازعے کو ختم کرنے کی عالمی سفارتی کوششوں میں بنیادی موثر کردار ادا کرسکتا ہے۔

2 وزیردفاع راج ناتھ سنگھ اور ان کے امریکی ہم منصب **Lloyd Austin** نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون کی موجودہ سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

3 وزیرداخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ کے رائے پور ضلعے میں، نکسلی کارروائیوں کی روک تھام کے سلسلے میں بہت سی میٹنگس کی صدارت کریں گے۔

4 **FSSAI**نے دودھ اور ڈیری مصنوعات کی سبھی پیکیجنگ پر سے، اے-ون اور اے-ٹو دعووں کو ہٹانے کا حکم دیاہے۔

5 اور کُشتی میں

بھارتی خواتین نے، اردن کے شہر عَمان میں، 17 سال سے کم عمر کی عالمی چمپئن شپ میں ابھی تک کا سب سے پہلا ٹیم خطاب حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔